تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December 20, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طالب علم منا خالد بحرین پیرا بیڈمنٹن انٹرنیشنل دو ہزار چوبیس میں شاندار کارنامہ کانسے کے دو تمغے جیتے

جامعہ ملیہ اسلامیہ سے پی ایچ ڈی کر رہے طالب علم جناب منا خالد نے بحرین پیرا بیڈمنٹن انٹرنیشنل دو ہزار چوبیس (لیول ون) میں کانسے کے دو تمغے جیتے۔واضح ہو کہ بیڈمنٹن ورلڈ فیڈریشن (بی ڈبلیو ایف) نے بحرین کے کے شہر منامامیں گیارہ دسمبر تا پندرہ دسمبر دو ہزار چوبیس کے درمیان اس چمپیئن شپ کا انعقاد کیا تھا۔اس کامیابی کے ساتھ ہی منا خالد دنیا بھر میں دسویں مقام کے کھلاڑی بن گئے ہیں۔

قابل ذکر ہے کہ دنیا بھر میں صرف بارہ سرکردہ کھلاڑی ہی لیول ون ٹورنامنٹ میں حصہ لینے کے اہل ہوتے ہیں۔گروپ مقابلوں میں فتح کے بعد خالد سیمی فائنل میں پہنچے تاہم انھیں سنگل اور مکسڈ ڈبلز کے مقابلوں میں کانسے کے تمغوں پر بھی اکتفا کرنا پڑا۔

ستمبر میں خالد نے انڈونیشا پیرا بیڈمنٹن انٹرنیشنل دو ہزار چوبیس میں کانسے کے دو تمغے جیت کر غیر معمولی کامیابی حاصل کی تھی۔اس سے قبل جولائی میں انھوں نے اگانڈا پیرا بیڈمنٹن چمپیئن شپ دو ہزار چوبیس میں طلائی، نقرئی اور کانسے کے تمغے جیتے تھے۔اس کے علاوہ دسمبر دو ہزار تئیس کے کھیلو انڈیا پیرا گیمز میں انھوں نے اپنے نام ایک کانسے کا تمغہ کیا تھا۔خالد نے ہندوستان کی نمائندگی کرتے ہوئے کل نو انٹرنیشنل میڈلز جیتے ہیں جن میں دو طلائی، دو چاندی اور پانچ کانسے کے تمغے شامل ہیں۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے گیمز اینڈ اسپورٹس کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر نفیس احمد کے ساتھ منا خالد کو ان کی نمایاں کامیابی کے لیے مبارک باد دی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف نے مزید کہا کہ خالد نے بطور سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی خود کو ثابت ہی نہیں کیا ہے بلکہ بیڈمنٹن کے عالمی نقشے پر اپنا وجود تسلیم کرایا ہے۔

اپنی کامیابی پر خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے خالد نے کہا کہ آئندہ ہونے والے ایشین گیمز اور پیرا المپکس میں ملک کے لیے تمغہ جیتنے کی ان کی خواہش ہے۔

خالد ابھی جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ ہندی سے ہندی زبان وادب میں پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔اس سے قبل انھوں نے

جامعہ ہی سے بی ایس سی (آنرز) ایم ایس ڈبلیو اور ہندی مضمون میں ایم ۔اے ۔کیا تھا۔

تعلقات عامہ دفتر
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی